# پیر کا لمبے بال رکھنا اور حضور گیسو دراز علیہ الرحمۃ کو دلیل بنانا

**فتوی نمبر:** WAT-800

**تاریخ اجراء:** 12شوال المکرم1443ھ/14مئی2022ء

## دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

## سوال

کچھ لوگ کہتے ہیں کہ پیر کے بال لمبے ہونے چاہئیں۔ کیوں کہ کئی بزرگوں کے لمبے بال ہوتے تھے جیسے حضور بندہ نواز گیسو دراز علیہ الرحمہ کے بال اتنے لمبے تھے کہ بعض کو نیچے بچھاتے اور بعض کو اوپر اوڑھ لیتے تھے۔ کیا ان کا اس طرح کہنا درست ہے؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

مرد (چاہے وہ پیر ہو یا پیر نہ ہو، اس) کے لیے کندھوں سے نیچے بال رکھنا شرعاً ناجائز و گناہ ہے کہ اس میں عورتوں سے مشابہت ہے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع کرتے ہوئے فرمایا: ”«لعن اللہ المتشبھین من الرجال بالنساء، ولعن المتشبھات من النساء بالرجال»“ ترجمہ: اللہ تعالی کی لعنت ہو ان مردوں پر جو عورتوں کے ساتھ مشابہت اختیار کریں اور ان عورتوں پر جو مردوں کے ساتھ مشابہت اختیار کریں۔ (المعجم الکبیر للطبرانی، ج11، ص252، مکتبہ ابن تیمیہ، القاھرۃ)

حضرت بندہ نواز گیسو دراز علیہ الرحمہ کے بالوں کو دلیل بنانا سوائے جہالت کے کچھ نہیں اور آپ علیہ الرحمہ کے بارے میں یہ کہنا کہ سارے سر کے بال اتنے بڑے رکھے تھے کہ کچھ کو بچھا کر کچھ اوپر اوڑھ لیتے' سراسر غلط ہے۔ کیونکہ آپ علیہ الرحمہ نے ایک مخصوص واقعہ کی وجہ سے صرف ایک بال کو محفوظ رکھا تھا اور ایک بال کو محفوظ رکھنا عورتوں سے مشابہت نہیں ہوتی اور نہ اتنا لمبا بال عورتیں رکھتی ہیں۔ سیدی اعلی حضرت امام اہل سنت امام احمد رضا خان علیہ الرحمہ ملفوظات شریف میں اسی طرح کے سوال کے جواب میں حضرت بندہ نواز علیہ الرحمہ کے گیسو رکھنے کی وجہ بیان کرنے کے بعد فرماتے ہیں: ”اس ایک گیسو کو کہ ایسی جلیل نعمت کا یادگار تھا اور اسے ایسی تجلی رحمت نے

بڑھایا تھا نہ ترشوایا۔ اسے تشبہ سے کیا علاقہ (یعنی تعلق)! عورتوں کا ایک گیسو بڑا نہیں ہوتا، نہ اتنا دراز (یعنی لمبا) اور (نہ) اس کے محفوظ رکھنے میں یہ راز۔" (ملفوظات اعلی حضرت، حصہ دوم، ص299، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**کتبہ**

المتخصص فی الفقہ الاسلامی

ابو صدیق محمد ابوبکر عطاری


Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net